Welcome to Kindergarten™
CANADIAN EDUCATION WAREHOUSE

ہر روز بات کریں، مطالعہ کریں ، گانا گائیں، کھیلیں !

کنڈرگارٹن کےخیر مقدمی بیگ میں وسائل کو مل کر اسمعتال کرتے وہئے...

باتیں اور مطالعہ کرنا

مطالعہ کے 3 سہ‌ی‌یں :

کڈنٹپلا(لا) کرونسیشد(ں‌بلو چال) چاوئ(س‌پنسد)

اپنے بچے کے ساتھ روزانہ پڑھنےسے اس کا ذخیرہ الفاظ ،سننے اور بولنے کی مہارت اور کتابوں اور کہانیوں میں دلچسپی زیادہ ہونے میں مدد ملے گی۔



- اپنے بچے کو ایسی مختلف اقسام کی کہانیاں پڑھائیں جو اسے دلچسپ لگیں۔
- تصاویر دیکھیں اور اس کے بارے میں بات کریں۔ اپنے بچے کی دنیا سے رابطہ بنائیں۔
- اپنی مقامی لائبریری جائیں اور لائبریری پروگراموں میں شرکت کریں۔

کلھائی پر وتجہ

گھر میں اور ماحول میں حروف اور اعداد کو کتابوں ، اشیاء سے ملائیں۔

- مقناطیسی حروف اور اعداد کو خاکے میں ملائیں؛ اے بی سی کا گیت گائیں. فرج یا، کوکی شیٹ یا پیڈ پر بچے کا نام بنائیں۔
- گھر میں اشیاء شمار کریں (یعنی جرابوں کے جوڑوں،کانٹوں، چمچوں، چھریوں کی تعداد،خاندان کے کھانے کے لئے چمچوں کی ضرورت)
- کتاب میں،سیریل باکس پر یا کسی بھی شکل میں بڑی لکھائی میں حروف اور اعداد ملائیں۔
- رنگ، حروف، سائز اور اعداد کی ترتیب اور انداز تخلیق کریں۔ (یعنی آبابا 123 123)
- دریافت کریں کہ کون سا مواد مقناطیس سے چپکے گا۔

EDUCO ENTREPÔT CANADA
CANADIAN EDUCATION WAREHOUSE

Welcome to Kindergarten™

CANADIAN EDUCATION WAREHOUSE

ہر ورز بات کریں، مطلاعہ کریں ، گانا گائیں، کھیلیں!

ختلیقایردی فت



اپنے بچے کی دلچسپی اور تخیل کے مطابق اپنی خاکہ کشی، بنانے، کاٹنے اور چپکانے کے لیے رنگوں، کاغذ، گوند اور قینچی کا استعمال کریں۔ اپنے بچے کو مستقبل میں لکھائی کی سرگرمیوں کے لئے تیار کرنے کے لیے تخلیقی سرگرمیوں کے لئے انگلی پر گرفت اور ربط کی ضرورت ہو گی۔

- رنگوں، مارکر، انگلی سے لگانے والے پینٹ یا دیگر مزہ دینے والے مواد جیسے ریت اور شیونگ کریم سے اپنے بچے کی تصویریں بنانے اور رنگ کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں۔
- پرانے رسائل اور اخبارات سے ایسی تصاویر تلاش کریں اور کاٹیں جس میں آپ کا بچہ دلچسپی لے۔
- کاغذ یا دیگر اشیاء جیسے جوتے کے ڈبے پر اپنی پسندیدہ تصاویر چپکانے کے مختلف طریقے دریافت کریں۔
- اپنے بچے کے فن کی تعریف کریں اور اسے سامنے لگائیں تاکہ ہر کوئی دیکھے۔

کھیل والا ڈؤ (پیڑا) بچوں کی تصوراتی قوت اور ساتھ ساتھ انگلی پر گرفت اور ربط کو بڑھاتا ہے۔ مختلف رنگوں میں اشیاء، شکلیں، جانور یا حروف بنانے کے لئے اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔

کھیل والا ڈؤ (پیڑا) بنانے کا طریقہ:

آٹا 600 ملی لیٹر (1/2 2 کپ)، 120 ملی لیٹر نمک (1/2 کپ)، 10 ملی لیٹر ٹارٹر کریم یا پھٹکری (2 چمچ)، 480 ملی لیٹر ابلتا پانی (2 کپ)، 30 ملی لیٹر تیل (2 -3 چمچ)، 2 پیکٹ بغیر مٹھاس کے کول ایڈ(kool-aid) ۔

1. ساری چیزیں ملائیں اور اچھی طرح پھینٹیں۔
2. پیڑا گوندیں اور اب اسے استعمال کرنا آسان ہے۔
3. اسے ڈھکن والے پلاسٹک کے برتن یا زپ لاک بیگ میں محفوظ کریں۔

موسیقی ارو حرکت



سارے بچے موسیقی اور جسمانی سرگرمیاں پسند کرتے ہیں۔

- گانوں کی تال پر گیند پھینکیں، لات سے اچھالیں اور پکڑیں ۔
- جب آپ کنڈر گارٹن میں خوش آمدید کی موسیقی سنیں تو گائیں، ناچیں، تالیاں بجائیں اور گنتی کریں ۔

اپنے بچے کے ساتھ چست رہنے اور صحت بخش ترجیحات کے بارے میں بات کرنے سے ایسی عادت بنانے میں مدد ملتی ہے جو ابتدائی تعلیم اور طویل مدتی صحت میں معاون ہوں گی۔